58 Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 108 | صفحات: 08 | ۲۰ اپریل ۲۰۲۶ بروز سوموار بمطابق ۲ ذوالقعدۃ ۱۴۴۷ | Monday 20th April 2026 | جلد نمبر 58




**انٹر میامی کی کولوراڈو کے خلاف شاندار فتح**

فٹ بال کی دنیا کے بے تاج بادشاہ لیونل میسی نے ایک بار پھر اپنی مہارت کا لوہا منوالیا۔ (تفصیلات اندر)




**دوسری بار ٹائٹل اور پورے شا اپنے نام کرلی**

قازقستان کی ٹاپ سیڈ ایلینا ریباکینا نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چیک ریپبلک کی کارولینا موخووا کی 5-7 اور 1-6 سے شکست دی۔ (تفصیلات اندر)

## موسم کے اُتار چڑھاو سے روزمرہ سرگرمیاں بھی لڑکھڑانے لگیں

### سرینگر میں صبح کے وقت تیز بارش دوپہر کو آسمان صاف شام کو سردی کی لہر

سرینگر/ یو پی آئی/ وادی کشمیر میں اتوار کے روز بالائی علاقوں میں تازہ برفباری اور میدانی علاقوں میں بارش کے باعث درجہ حرارت میں نمایاں کمی درج کی گئی، جس کے نتیجے میں موسم ایک بار پھر سرد ہو گیا اور معمولاتِ زندگی بھی متاثر ہوئے۔ حکام کے مطابق ضلع بانڈی پورہ کی گریز وادی کے تلیل علاقے میں تازہ برفباری ریکارڈ کی گئی، جبکہ ضلع گاندربل کے سونمرگ علاقے میں زوجیلا درے کے دونوں اطراف اور جنوبی کشمیر کو پیر پنچال کے علاقوں سے جوڑنے والی مغل روڈ پر بھی برفباری ہوئی۔ ان علاقوں میں برف جمع ہونے کے باعث آمدورفت متاثر ہوئی اور کئی مقامات پر ٹریفک معطل کر دیا گیا۔ دوسری جانب وادی کے میدانی علاقوں میں صبح سویرے ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش ہوئی، جس کے باعث موسم سرد اور مرطوب ہو گیا۔ محکمہ موسمیات کے ایک اہلکار کے مطابق بارش اور برفباری کے اس سلسلے نے دن/ 1




## سرینگر ہوائی اڈے پر امریکی شہری سمیت 2 افراد کو حراست میں لیا گیا

### اجازت کے بغیر اپنے ساتھ سٹیلائٹ فون رکھنے کا الزام

سرینگر/ کے این ایس/ سرینگر ہوائی اڈے پر امریکی شہری کو سٹیلائٹ فون رکھنے کی پاداش میں گرفتار کیا گیا ہے۔ اتوار کے روز ایک امریکی شہری کو سری نگر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر حراست میں لیا گیا جب حکام نے اسے ایک سیٹلائٹ فون کے قبضے میں پایا۔ اس شخص کی شناخت جیفری سکاٹ پرتھر کے نام سے ہوئی ہے جو مونٹانا، امریکہ کا رہائشی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ اسے معمول کی سیکیورٹی چیکنگ کے دوران روکا گیا جس کے بعد سیکیورٹی اداروں نے اسے پوچھ گچھ کے لیے تحویل میں لے لیا۔ کشمیر میں سیٹلائٹ فون کے استعمال پر سختی سے پابندی ہے، اور پیشگی اجازت کے بغیر قبضہ ممنوع ہے۔ عہدیداروں نے بتایا کہ کولکتہ سے تعلق رکھنے والے ایک مقامی شخص کو بھی حراست میں لے لیا گیا ہے جس کی شناخت ہلدار کوشک کے طور پر کی گئی ہے، اور ان کے دورے اور ڈیوائس کے استعمال کے مقصد کا پتہ لگانے کے لیے مزید تفتیش جاری ہے۔

## ملک کی خواتین کو دھوکہ دینے والوں کو سخت سزا ملے گی/ مودی

### ترنمول کانگریس نے کانگریس کے ساتھ مل کر اس بل کی منظوری کو روکنے کی سازش کی



سرینگر/ سی این آئی/ مایوسی باوجود حکومت خواتین کے ریزرویشن کی راہ میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے پُرعزم ہے کا اعلان کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ خواتین کو دھوکہ دینے والوں کو اسمبلی انتخابات میں سزا ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بی جے پی کی شناخت خواتین کے بااختیار بنانے، اور ان کی حفاظت اور سلامتی سے منسلک ہے، اسی لیے ملک بھر کی خواتین بی جے پی کو اپنے آشیرواد سے نوازتی ہیں۔ سی این آئی کے مطابق وزیراعظم نریندر مودی نے ترنمول کانگریس پر پارلیمنٹ میں آئین (131 ویں ترمیم) بل، 2026 کی منظوری کو روک کر خواتین کو دھوکہ دینے کا الزام لگایا اور زور دے کر کہا کہ خواتین آنے والے اسمبلی انتخابات میں مغربی بنگال میں حکمراں جماعت کو سزا دیں گی۔ بنکورا ضلع کے بشنو پور میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم مودی نے کہا کہ ممتا بنرجی کی قیادت والی ٹی ایم سی نے کانگریس کے ساتھ ملی بھگت سے اس بل کی منظوری کو روک دیا، جس میں خواتین/ 2

## بھارت کی خواتین کیلئے انصاف کو یقینی بنائیں گے/ امیت شاہ

### کانگریس اور DMK کی اس سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے



سرینگر/ سی این آئی/ ریزرویشن کو لیکر کانگریس اور ڈی ایم کے نے خواتین کو دھوکہ دیا کا الزام عائد کرتے ہوئے وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا کہ وزیراعظم مودی کی قیادت میں حکومت سازش کو کامیاب نہیں ہونے دے گی اور ملک کی خواتین کیلئے انصاف کو یقینی بنائے گی۔ سی این آئی کے مطابق مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے لوک سبھا میں خواتین کے تحفظات ترمیمی بل کے خلاف ووٹ دینے پر کانگریس اور ڈی ایم کے پر تنقید کرتے ہوئے ان پر پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کو کوٹہ حاصل کرنے سے دھوکہ دینے کا الزام لگایا۔ تاہم وزیراعظم نریندر مودی حکومت سازش کو کامیاب/ 3

## متری گام پلوامہ میں کمسن بچہ

### نالہ میں ڈوب کر دم توڑ گیا

سرینگر/ سی این آئی کے مطابق جنوبی ضلع پلوامہ کے متری گام میں اتوار کو ایک کمسن بچہ ڈوب کر جاں بحق ہو گیا۔ نمائندے نے بتایا کہ دو سالہ لڑکا متری گام میں اپنے گھر کے قریب ایک چھوٹی نہر میں پھسل گیا۔ جس کے بعد چھوٹے بچے کو مقامی لوگوں نے نہر سے نکالا اور فوری طور پر اسپتال منتقل کیا، جہاں ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ مہلوک بچے/ 5

## فوجی جوان لٹکتے ہوئے پایا گیا

### جموں کے ایک فوجی کیمپ میں واقعہ

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں کے نگروٹہ فوجی کیمپ میں اُس وقت سنسنی دوڑ گئی جب ایک فوجی جوان اپنی بارک سے باہر نہیں آیا۔ مذکورہ فوجی جوان کے ساتھیوں نے اُسے جگانے اور باہر آنے کیلئے اپنی خدمات انجام دیں تاہم فیملی کوارٹرز کے علاقے میں مذکورہ فوجی جوان کو اپنے کمرے میں پھانسی پر لٹکتے ہوئے پایا گیا۔ پولیس نے نعش کو اپنی تحویل میں/ 4

## بجلی تاروں کو درست کرتے ہوئے محکمہ بجلی کا ملازم جان بحق

### کام کرتے ہوئے بجلی کے شدید جھٹکے کا المناک انجام، بارہمولہ میں واقعہ

سرینگر/ کے این ایس/ شمالی کشمیر کے بارہمولہ ضلع کے بنیر گاؤں میں اتوار کو بجلی کے ترسیلی لائن کی مرمت کرنے کے دوران محکمہ بجلی کا ایک ملازم کرنٹ لگنے کی وجہ سے شدید زخمی ہوا ہے اس دوران اگرچہ ملازم کو زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کرنے کی کوشش کی گئی تاہم ڈاکٹروں نے اسے مردہ قرار دیا ہے۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کیمطابق حکام نے بتایا کہ مرنے والے کی شناخت عبدالخالق شیخ ولد محمد سلطان شیخ ساکنہ بنیر کے طور پر کی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب مزکورہ ملازم میں ترسیلی لائن کی مرمت کر رہا تھا۔ انہیں فوری طور پر گورنمنٹ میڈیکل کالج (جی ایم سی) بارہمولہ منتقل کیا گیا، جہاں پہنچنے پر ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دے دیا۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے گزشتہ چند سال کے دوران محکمہ کے متعدد ملازمین جن میں کا اکثریت ڈیلی ویجروں کی ہے اس طرح کے حادثات میں جاں بحق ہوئے ہیں۔

## نشہ مکت بھارت مہم کے تحت بارہمولہ میں کریک ڈاؤن

### کیسوں میں ملوث افراد کے گھروں پر وسیع پیمانے پر تلاشی کارروائیاں

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے منشیات کی اسمگلنگ اور نشہ آور اشیاء کے بڑھتے ہوئے رجحان کے خلاف اپنی مہم کو مزید تیز کرتے ہوئے ضلع بارہمولہ کے مختلف علاقوں میں این ڈی پی ایس کیسوں میں ملوث افراد کے گھروں پر وسیع پیمانے پر تلاشی کارروائیاں انجام دیں۔ یہ کارروائیاں حکومت کی جانب سے چلائی جارہی نشہ مکت بھارت مہم کے تحت کی گئیں، جس کا مقصد منشیات کے نیٹ ورک کو جڑ سے ختم کرنا اور نوجوان نسل کو اس لعنت سے محفوظ رکھنا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق یہ تلاشی مہم مکمل طور پر قانونی تقاضوں کے مطابق انجام دی گئی، جس کے دوران مقامی معزز شہریوں کی موجودگی کو یقینی/ 6

## گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ میں نوجوان کی موت کا معاملہ

### وزیر صحت سکینہ ایتو نے انکوائری ٹیم کو وجود میں لانے کا حکم دیا

سرینگر/ سی این آئی/ گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ میں کولگام کے نوجوان کی مبینہ طبی غفلت کے بعد موت کے معاملے کی تحقیقات کیلئے انکوائری ٹیم تشکیل دینے کا حکم دیا گیا کی بات کرتے ہوئے وزیر صحت سکینہ ایتو نے کہا کہ واقعے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کی جائیں گی تاکہ حقائق سامنے آسکیں۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ اگر کسی بھی قسم کی لاپرواہی یا غفلت ثابت ہوئی تو ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ سی این آئی کے مطابق وزیر صحت سکینہ ایتو نے کولگام کے چمب گنڈ کے دورے کے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کا افتتاح کیا۔ اس موقعہ پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں کولگام کے نوجوان کی مبینہ طبی غفلت کے بعد موت کے معاملے کی تحقیقات کیلئے انکوائری ٹیم تشکیل دینے کا حکم دیا گیا وزیر موصوفہ نے کہا کہ واقعے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کی جائیں گی تاکہ حقائق سامنے آسکیں۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ اگر کسی بھی قسم کی لاپرواہی یا غفلت ثابت ہوئی تو ذمہ داروں کے/ 7

## پونچھ میں آج سے 24 اپریل تک سول ڈیفنس اور بلیک آوٹ کی مشق

### مقصد ہنگامی حالات میں ردعمل کی صلاحیت کو مضبوط بنانا/ حکام

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر کے سرحدی ضلع پونچھ میں پیر سے پانچ روزہ سول ڈیفنس ایئر ریڈ اور بلیک آوٹ موک ڈرل کا آغاز ہوگا، جس کا مقصد ہنگامی حالات میں ردعمل کی صلاحیت کو مضبوط بنانا اور مختلف محکموں کے درمیان ہم آہنگی کو بہتر بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر پونچھ کے دفتر کی جانب سے جاری کردہ ایک حکم نامے کے مطابق یہ مشق 20 سے 24 اپریل تک جاری رہے گی، جس میں سول ڈیفنس حکام، ایس ڈی آر ایف، پولیس، محکمہ صحت، میونسپلٹی اور انجینئرنگ محکمے شامل ہوں گے۔ اس مشق کا بنیادی مقصد کسی بھی ممکنہ ایئر ریڈ، بلیک آوٹ یا تباہ کن صورتحال کے دوران انتظامیہ اور عوام کی تیاری کو جانچنا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق متعلقہ محکموں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ تمام تیاریاں پہلے سے مکمل رکھیں اور مشق کے دوران اپنے محکموں کی کارکردگی کی تفصیلی رپورٹس ڈپٹی کمشنر کے دفتر کو پیش کریں۔ اس سلسلے میں عوامی آگاہی مہمات چلانے، لاجسٹک انتظامات بہتر بنانے اور بین المحکماتی رابطہ مضبوط کرنے پر بھی زور دیا گیا ہے۔

## راجناتھ سنگھ 21 سے 23 اپریل تک جرمنی کا دورہ کریں گے

### دونوں ممالک کے درمیان سٹریٹجک دفاعی شراکت داری کو مضبوط کرنے کا اقدام



سرینگر/ سی این آئی کے مطابق وزیر دفاع راجناتھ سنگھ 21 سے 23 اپریل 2026 تک جرمنی کا سرکاری دورہ کرنے والے ہیں تاکہ دونوں ممالک کے درمیان سٹریٹجک دفاعی شراکت داری کو مزید مضبوط کیا جا سکے۔ عہدیداروں نے بتایا کہ وزیر دفاع اپنے جرمن ہم منصب مسٹر بورس پسٹوریئس اور حکومت کے دیگر سینئر لیڈروں کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کرنے والے ہیں۔ بات چیت میں دفاعی صنعتی تعاون کو بڑھانے، ملٹری ٹو ملٹری مصروفیات کو مضبوط بنانے اور سائبر سیکورٹی، مصنوعی ذہانت اور ڈرون جیسے ابھرتے ہوئے ڈومینوں میں مواقع تلاش کرنے پر توجہ دی جائے گی۔ دونوں وزرائے دفاع کی موجودگی میں یو این پیس کیپنگ آپریشنز ٹریننگ میں تعاون کیلئے دفاعی صنعتی تعاون کے روڈ میپ اور نفاذ کے انتظامات پر دستخط/ 8

## پہلگام حملہ برسی: کشمیر کے سیاحتی مقامات پر سیکیورٹی غیر معمولی اقدامات

### ہائی الرٹ جاری، حساس علاقوں میں وسیع پیمانے پر فورسز کی تعیناتی اور مسلسل نگرانی

سرینگر/ یو این ایس/ کشمیر میں سیاحتی سرگرمیوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے سیکیورٹی کو غیر معمولی حد تک سخت کر دیا گیا ہے کیونکہ پہلگام دہشت گرد حملہ 2025 کی پہلی برسی قریب آ رہی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق تمام سیکیورٹی اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت دی گئی ہے تاکہ کسی بھی ممکنہ تخریبی کارروائی کو بروقت ناکام بنایا جا سکے، خاص طور پر ان مقامات پر جہاں سیاحوں کی آمدورفت زیادہ ہوتی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ برسی سے قبل مختلف سطحوں پر سیکیورٹی جائزہ اجلاس منعقد کیے گئے، جن میں زمینی صورتحال، خطرات کے امکانات اور ردعمل کے طریقہ کار پر تفصیلی غور کیا گیا۔ سینئر افسران نے نہ صرف موجودہ انتظامات کا جائزہ لیا بلکہ اضافی اقدامات کی بھی منظوری دی تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی گنجائش باقی نہ رہے۔ یاد رہے کہ 22 اپریل 2025 کو بیساران میڈو، جو کہ پہلگام کا ایک خوبصورت اور مشہور سیاحتی مقام ہے، میں ایک ہولناک دہشت گرد حملہ پیش آیا تھا جس میں 26 افراد جاں بحق ہوئے، جن میں 25 سیاح اور ایک مقامی پونی رائیڈر شامل تھا۔ اس حملے نے نہ صرف انسانی جانوں کا/ 11

## اننت ناگ میں 6 ڈرگ اسمگلر گرفتار، 3.7 کلو سے زائد منشیات ضبط

### چرس، گانجہ، براون شوگر اور دیگر نشیلی ادویات کی ضبطی کا دعویٰ

سرینگر/ یو پی آئی/ جنوبی کشمیر کے ضلع اننت ناگ میں اتوار کو پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی مہم کو تیز کرتے ہوئے تین مختلف کارروائیوں کے دوران چھ منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے مجموعی طور پر 3.7 کلوگرام سے زائد منشیات اور 10,450 روپے نقدی برآمد کر لی۔ پولیس نے تین الگ الگ مقدمات درج کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع بھر میں یہ کارروائیاں منشیات مخالف مسلسل اور مضبوط کریک ڈاؤن کا حصہ ہیں۔ پولیس اسٹیشن اننت ناگ کی حدود میں دانتر کے مقام پرناکہ چیکنگ کے دوران چار افراد اننت ناگ کی طرف آرہے تھے، جو پولیس پارٹی کو دیکھ کر فرار ہونے کی کوشش کرنے لگے۔ تاہم پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے انہیں قابو کر لیا۔ تلاشی کے دوران 3.178 کلوگرام گانجا نما پاؤڈر اور 10,450 روپے نقدی برآمد ہوئے۔ گرفتار نوجوانوں کی شناخت شبیر قیوم ساکن چینی چوک، زاہد منظور ساکن حسن پورہ باغ، اور فیضان لون ساکن میر دانتر کے طور پر ہوئی، جبکہ ایک شخص گوہر ریشی موقع/ 10


## فوج کی انسدادِ دہشت گردی ریفریشر کورس میں جموں وکشمیر پولیس کو تربیت

### بدلتے ہوئے سیکورٹی ماحول میں تال میل اور طریقہ کار کو بہتر بنانے کا عزم

جموں/ یو این آئی/ ہندوستانی فوج کے جوانوں نے جموں میں 'ٹائیگر ڈویژن' کی نگرانی میں 10 روزہ انسدادِ دہشت گردی ریفریشر کورس کے دوران جموں و کشمیر پولیس کے اہلکاروں کو تربیت فراہم کی۔ قابلِ ذکر ہے کہ اس کورس کا خاکہ ہندوستانی فوج اور جموں و کشمیر پولیس نے مشترکہ طور پر تیار کیا تھا۔ اس کا مقصد جموں وکشمیر کے بدلتے ہوئے سیکیورٹی ماحول میں تال میل، ہم آہنگی اور طریقہ کار کے معیار کو بہتر بنانا تھا۔ اس جامع تربیت میں کل 108 پولیس اہلکاروں نے حصہ لیا، جس کا انعقاد 'میران صاحب بریگیڈ' نے کیا۔ اس تربیت کا بنیادی مقصد جونیئر قیادت کی صلاحیتوں کو مضبوط بنانا تھا۔ یہ صلاحیتیں انسدادِ دہشت گردی کے حالات میں چھوٹی ٹیموں کے ذریعے مؤثر کارروائی انجام دینے کے لیے نہایت اہم ہوتی ہیں۔ کورس کے دوران شرکاء کو آپریشن سے متعلق مختلف پہلوؤں میں تربیت دی گئی، جن میں چھوٹی ٹیموں کی کارروائیاں اور گشت، فوری ردعمل ٹیم اور موبائل وہیکل چیک پوسٹ کی مشقیں، گھات لگانے اور اس کا جواب دینے کی تکنیکیں، محاصرہ اور تلاشی کی کارروائیاں اور کمروں میں داخل ہو کر کارروائی کے طریقے شامل تھے۔/ 9

## اپوزیشن نے "آگ سے کھیلا" ہے اور انہیں سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا/ ہردیپ پوری

### خواتین بل کو پٹری سے اُتارنے کی سازش کی گئی، جموں میں پارٹی دفتر پر پریس سے خطاب



سرینگر/ کے این ایس/ مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے اتوار کو الزام لگایا کہ کانگریس کی قیادت میں اپوزیشن پارٹیوں نے خواتین کے ریزرویشن بل کو پٹری سے اتارنے کی "سازش" کی، اور خبردار کیا کہ انہوں نے "آگ سے کھیلا" ہے اور انہیں سنگین نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق یہاں راجیہ سبھا ایم پی اور سابق قومی کمیشن برائے خواتین (NCW) کی چیئرپرسن ریکھا شرما کے ساتھ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، پوری نے کہا کہ آخری لمحات میں بھی، حکومت نے بل کی منظوری کو یقینی بنانے کے لیے اپوزیشن کے خدشات کو پورا کرنے کی کوشش کی۔ رہنماؤں نے زور دے کر کہا کہ یہ بل محض ایک سیاسی مسئلہ نہیں ہے بلکہ ایک سماجی مقصد ہے جس کا مقصد منصفانہ نمائندگی کو یقینی بنانا ہے، اور یہ برقرار رکھا کہ اپوزیشن کو عوامی ردعمل کے نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا۔ پوری نے کہا کہ وزیر داخلہ امت شاہ نے ایک گھنٹے تک ایوان میں تجاویز شامل کرنے کی اپیل کی تھی، لیکن اس پیشکش کو مسترد کر دیا گیا۔ "وہ تعمیری مصروفیات میں دلچسپی نہیں رکھتے تھے۔ یہ بحث کو پٹڑی سے اتارنے اور تاریخی اصلاحات کو روکنے کی دانستہ کوشش تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ سب کانگریس اور اس کی اتحادی جماعتوں بشمول ڈی ایم کے، ٹی ایم سی اور سماج وادی پارٹی کی سازش کا حصہ ہے اور وہ نہیں چاہتے کہ 2029 کے انتخابات سے پہلے اس پر عمل درآمد ہو۔" تاہم، ہفتہ کو وزیراعظم نریندر مودی کے قوم سے خطاب کو غور سے سننے کے بعد، یہ واضح ہے کہ قومی موڈ اب بھی 2029 سے پہلے اسے نافذ کرنے کے/ 12

## تباہ شدہ پل کی ازسرنو تعمیر میں تاخیر کے بعد عارضی پل راہ گیروں کیلئے خطرناک

### کشتواڑ میں ایک ہی گھر کے چار افراد پھسل کر ڈوب گئے، ایک بچی جان بحق، تین خواتین مشکل سے بچ گئیں

سرینگر/ اے پی آئی/ خطہ چناب کے چھوتر و کشتواڑ میں اُس وقت لوگ سڑکوں پر آ کر احتجاج کرنے پر مجبور ہوئے جب عارضی پُل پر پیر پھسلنے کی وجہ سے ایک ہی کنبے کے 4 افراد ندی میں گر کر غرقاب ہوئے تاہم 4 ماہ کا بچہ لقمہ اجل ہوا جبکہ تین خواتین سمیت 4 افراد کو بچالیا گیا اور لوگوں نے الزام لگایا کہ پُل کی عدم دستیابی کی وجہ سے پچھلے کئی برسوں سے کئی افراد کی جانیں ضائع ہوئیں اور انتظامیہ ٹس سے مس نہیں ہو رہی ہے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق چھاتر و کشتواڑ کے مغل میدان میں اُس وقت صف ماتم بچھ گئی جب ایک ہی کنبے کے 4 افراد عارضی پُل پار کر رہے تھے کہ اس دوران پیر پھسلنے کی وجہ سے دو خواتین ندی میں گر گئیں، ان کے ساتھ محمد عثمان نامی شخص جس کے گود میں ایک چار ماہ کا بچہ بھی تھا خواتین کو بچانے کے دوران خود بھی ندی میں گر گیا۔ آس پاس موجود لوگوں نے جان ہتھیلی پر لیکر دو خواتین اور ایک مرد کو غرقاب ہونے سے بچالیا تاہم چار ماہ کا بچہ موقعے پر ہی لقمہ اجل ہوا۔ بچے کے لقمہ اجل ہونے اور ندی میں گرنے سے اُس کی ہلاکت کی خبر علاقے میں جنگ کے آگ کی طرح پھیل گئی۔ لوگوں کی ایک بڑی تعداد سڑکوں پر نکل آئی اور انتظامیہ کے خلاف زوردار احتجاجی مظاہرے کئے۔ لوگوں نے الزام لگایا کہ سال 2025 کے ناسازگار موسم کے دوران سیلاب آنے کے باعث مغل میدان کے قریب گزرنے والی ندی پر جو پُل تھا وہ ڈھ گیا، اگرچہ اس پُل کو دوبارہ تعمیر کرنے کیلئے ٹینڈر بھی نکالے گئے تاہم ابھی تک اس پُل کی تعمیر کا کام ہاتھ میں نہیں لیا گیا جبکہ پُل کی عدم دستیابی کی وجہ سے پچھلے ایک سال سے کئی جانیں ضائع ہوئیں۔ لوگوں نے الزام لگایا کہ کشتواڑ، ڈوڈہ، بھدرواہ کے علاقوں میں کئی پُلوں کی عدم دستیابی اور سڑکوں کی خستہ حالت سے لوگوں کافی مشکلوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور حادثات بھی رونما ہوتے ہیں۔

# سپورٹس ٹائمز

## ریباکینا نے اسٹٹگارٹ اوپن جیت کر دوسری بار ٹائٹل اور پورشے اپنے نام کرلی



اسٹٹگارٹ19 اپریل:نیوز ڈیسک: قازقستان کی ٹاپ سیڈ ایلینا ریباکینا نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چیک ریپبلک کی کارولینا موخووا کو 5-7 اور 1-6 سے شکست دے کر اسٹٹگارٹ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ اپنے نام کرلیا اور اپنے کیریئر میں دوسری بار پورشے کار بھی جیت لی۔ ریباکینا نے اس سے قبل 2024 میں بھی یہ ٹائٹل جیتا تھا اور اس کامیابی کے ساتھ انہوں نے رواں سیزن کا دوسرا خطاب اپنے نام کیا تاہم ٹورنامنٹ کی روایتی پورشے کار ان کی توجہ کا خاص مرکز رہی۔2024 میں جیتی گئی پہلی پورشے کار نے انہیں ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کی ترغیب دی تھی اور اس بار وہ خوشی

مسکراتی ہوئی اپنی نئی اسپورٹس کار چلاتے ہوئے میدان میں داخل ہوئیں اور اسے ریڈ کلے کورٹ پر پارک کیا۔ اس کامیابی کے بعد ریباکینا ان چند نمایاں کھلاڑیوں میں شامل ہو گئیں جنہوں نے مختلف سطحوں پر کم از کم پانچ ڈبلیو ٹی اے ٹائٹل جیتے ہیں اور اس فہرست میں وینس ولیمز ایلینا سویتولینا اور ایگا سویاتیک جیسے بڑے نام شامل ہیں۔ ریباکینا نے کہا کہ یہ ایک شاندار ٹورنامنٹ اور یہاں آکر ہمیشہ گھر محسوس ہوتا ہے اسی ہر سال واپس آنے خواہش ہوتی ہے انہوں اپنی دوسری کامیابی اور خوبصورت کار پر خوشی کا اظہار بھی کیا۔ میچ کے آغاز میں ریباکینا نے جارحانہ کھیل پیش

ہے جیسا لیے کی نے

کرتے ہوئے 3-0 کی برتری حاصل کی اور اپنی مضبوط سروس کے ذریعے موخووا کو دباؤ میں رکھا جبکہ نیٹ پر بھی اعتماد کے ساتھ کھیلتے ہوئے حریف کو کورٹ کے ہر کونے میں دوڑنے پر مجبور کیا۔ ا

سے

## کے کے آر کی پہلی جیت

## رنکو سنگھ کے بلے نے کولکتہ کی ڈوبتی کشتی پار لگادی



کولکتہ،19 اپریل (یو این آئی) کولکتہ نائٹ رائڈرز (کے کے آر) نے ایک ہارے ہوئے میچ میں شاندار واپسی کرتے ہوئے راجستھان رائلز (آر آر) کو 4 وکٹوں سے شکست دے کر آئی پی ایل 2026 میں اپنی پہلی کامیابی حاصل کرلی ہے۔ رنکو سنگھ کی ناقابلِ شکست نصف سنچری اور انوکول رائے کے ساتھ ان کی 76 رنز کی شراکت نے ایڈن گارڈنز میں موجود ہزاروں شائقین کے دل جیت لیے۔156 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے کے کے آر کی شروعات انتہائی مایوس کن رہی۔ پہلی ہی گیند پر ٹم سیفرٹ اور دوسرے اوور میں کپتان اجنکیا رہانے بغیر کوئی رن بنائے پویلین لوٹ گئے۔ کیمرون گرین (27) اور رومن پاول (23) نے کچھ مزاحمت کی لیکن 85 رنز پر 6 وکٹیں گرنے کے بعد کولکتہ کی شکست یقینی نظر آ رہی تھی۔ ایسے نازک وقت پر رنکو سنگھ نے اپنی روایتی ہمت دکھائی۔ انہوں نے محض 34 گیندوں پر 5 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے ناقابلِ شکست 53 رنز بنائے۔ ان کا بھرپور ساتھ انوکول رائے نے دیا جنہوں نے 16 گیندوں پر 29 رنز کی تیز رفتار اننگز کھیلی۔ میچ کا اختتام رنکو سنگھ کے برجیش شرما کو لگائے گئے ایک فلک بوس چھکے سے ہوا، جس کے ساتھ ہی کولکتہ نے دو گیندیں قبل ہدف حاصل کر لیا۔ اس سے قبل راجستھان رائلز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے ویبھو سوریہ ونشی (46) اور یشسوی جیسوال (39) کے درمیان 81 رنز کی اوپننگ شراکت کی بدولت اچھا آغاز کیا تھا، لیکن کولکتہ کے بولرز ورون چکرورتی اور کارتک تیاگی (3-3 وکٹیں) نے راجستھان کو 155 رنز تک محدود کر دیا۔ راجستھان کی جانب سے رویندر راجڈیجہ نے 2 وکٹیں حاصل کیں جبکہ جوفرا آرچر، ناندرے برگر اور روی بشنوئی نے ایک ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا، لیکن وہ رنکو سنگھ کے طوفان کو روکنے میں ناکام رہے۔ یہ سات میچوں میں کولکتہ نائٹ رائڈرز کی پہلی فتح ہے، جس نے پوائنٹس ٹیبل پر ان کی پوزیشن کو کچھ سہارا دیا ہے۔ رنکو سنگھ ایک بار پھر 'فنشر' کے طور پر ابھرے اور اپنی ٹیم کو بحران سے نکال کر تاریخی جیت دلائی۔ اس سے قبل انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) 2026 کے اہم مقابلے میں راجستھان رائلز (آر آر) نے ٹاس جیت کر کے کے آر کے خلاف پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 155 رنز کا مجموعہ ترتیب دیا ہے۔ کولکتہ نائٹ رائڈرز کے گیند بازوں نے شاندار واپسی کرتے ہوئے راجستھان کے بلے بازوں کو بڑے اسکور سے روک دیا۔ راجستھان رائلز کی جانب سے اوپننگ جوڑی ویبھو سوریہ ونشی اور یشسوی جیسوال نے میدان کے چاروں طرف اسٹروکس کھیلتے ہوئے اپنی ٹیم کو زبردست آغاز فراہم کیا۔

## میراتھن کے ٹریک پر روبوٹس نے انسانی ایتھلیٹس کو پیچھے چھوڑ دیا



بیجنگ،19 اپریل (یو این آئی) چینی کمپنیوں ک تیار کردہ درجنوں انسان نما روبوٹس دنیا کو دنگ کر دیا ہے۔ بیجنگ میں ہاف میراتھن ریس کے دوران ان روبوٹس نے انسانی ایتھلیٹس کو پیچھے چھوڑ کر حیران کن صلاحیت کا مظاہرہ کیا۔ یہ مسلسل دوسرا سال ہے جب انسانوں اور روبوٹس کی مشترکہ میراتھن ہوئی مگر گزشتہ سال روبوٹس کافی سست تھے اور یہاں وہاں گرتے رہے۔ مگر اس سال یہ روبوٹس کافی زیادہ تیز رفتار ثابت ہوئے۔ اس سال روبوٹس کی تعداد میں سو سے زائد تھی جو گزشتہ سال 20 تھی جبکہ بیشتر کافی پروفیشنل ایتھلیٹس سے زیادہ تیز رفتار تھے۔ روبوٹس انسانوں سے ہٹ کر مختلف ٹریک پر دوڑے تاکہ ٹکراؤ سے بچ سکیں اور جیتنے والے روبوٹ کو ایک اسمارٹ فون تیار کرنے والی کمپنی نے بنایا تھا۔ اس روبوٹ نے یہ فاصلہ 50 منٹ 26 سیکنڈ میں طے کیا اور یہ اس وقت سے کئی منٹ زیادہ بہتر تھا جو گزشتہ ماہ لزبن میں جیکب کیپلینو کا ورلڈ ریکارڈ قرار پایا تھا۔ ویسے تو انسان نما روبوٹس کے متعدد فیچرز تاحال آزمائشی مراحل سے گزر رہے ہیں۔



## ریئل سوسیڈاد نے پنالٹی شوٹ آؤٹ میں اٹلیٹیکو میڈرڈ کو شکست دے کر کوپا ڈیل رے جیت لیا

سیویل18 اپریل:نیوز ڈیسک: ریئل سوسیڈاد نے ایک سنسنی خیز مقابلے کے بعد اٹلیٹیکو میڈرڈ کو پنالٹی شوٹ آؤٹ میں 3-4 سے شکست دے کر کوپا ڈیل رے فٹبال ٹورنامنٹ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا جبکہ مقررہ وقت اور اضافی وقت کے بعد میچ 2-2 سے برابر رہا۔ ریئل سوسیڈاد کے گول کیپر انائی ماریرو نے شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے پنالٹی شوٹ آؤٹ میں دو اہم شاٹس بچائے جس سے ان کی ٹیم نے تاریخ میں چوتھی بار یہ ٹرافی جیت لی۔ ریئل سوسیڈاد نے آخری بار 2021 میں یہ کپ جیتا تھا جب 2020 کا ملتوی شدہ فائنل بھی اسی اسٹیڈیم لا کارتوجا میں کھیلا گیا تھا تاہم اس وقت کورونا وبا کے باعث شائقین موجود نہیں تھے جبکہ اس بار اسٹیڈیم تماشائیوں سے بھرا ہوا تھا۔ پنالٹی شوٹ آؤٹ میں ماریرو نے اٹلیٹیکو کے ابتدائی دو شاٹس روک کر اپنی ٹیم کو برتری دلائی جبکہ اٹلیٹیکو کے گول کیپر جوان موسو نے بھی ایک شاٹ بچایا لیکن آخر میں پابلو مارین نے اعصاب پر قابو رکھتے ہوئے فیصلہ کن پنالٹی گول کر دیا۔ میچ کے بعد مارین نے کہا کہ انہوں نے خود کو پرسکون رکھا اور یہی ان کی کامیابی کی کنجی بنی انہوں نے کہا کہ ریئل سوسیڈاد ان کی زندگی ہے اور بچپن سے وہ اسی کلب سے جڑے ہوئے ہیں اس لیے اس ٹیم کے ساتھ ٹائٹل جیتنا ان کا سب سے بڑا خواب تھا۔

## پریمیئر لیگ: مانچسٹر یونائیٹڈ نے چیلسی کو ہرا دیا

## ٹوٹنہم آخری لمحات میں جیت سے محروم



لندن،19 اپریل (یو این آئی)) مانچسٹر یونائیٹڈ نے چیلسی کے خلاف 1-0 کی اہم فتح حاصل کر کے چیمپئنز لیگ کے لیے اپنی پوزیشن مستحکم کرلی ہے، جبکہ دوسری جانب ٹوٹنہم ہاٹسپر برائٹن کے خلاف دو بار برتری حاصل کرنے کے باوجود میچ ڈرا ہونے کے باعث 'ریلیگیشن زون' میں برقرار ہے۔ مائیکل کیرک کی نگرانی میں مانچسٹر یونائیٹڈ کی قسمت بدلتی نظر آ رہی ہے۔ انجری اور معطلی کے مسائل کے باوجود یونائیٹڈ کے دفاع نے چیلسی کے حملوں کو ناکام بنائے رکھا۔ ہاف ٹائم سے ذرا قبل میتھیوس کونا نے برونو فرنانڈس کے کراس پر گول کر کے اپنی ٹیم کو برتری دلائی جو آخر تک برقرار رہی۔ اس شکست کے بعد چیلسی کی چیمپئنز لیگ میں رسائی کی امیدیں دم توڑتی نظر آ رہی ہیں، جبکہ یونائیٹڈ تیسرے نمبر پر براجمان ہے۔ ٹوٹنہم ہاٹسپر کا 50 سالوں میں پہلی بار نچلی لیگ میں جانے کا خطرہ مزید سنگین ہو گیا ہے۔ برائٹن کے خلاف میچ میں پیڈرو پورو اور ژاوی یمنز کے گولز نے ٹوٹنہم کو دو بار برتری دلائی، لیکن انجری ٹائم (95ویں منٹ) میں جار جینیو روٹر نے گول کر کے میچ 2-2 سے برابر کر دیا۔ ٹوٹنہم اب بھی 18ویں نمبر پر ہے اور بقا کے لیے اسے بقیہ 5 میچوں میں غیر معمولی کارکردگی دکھانا ہوگی۔

## میسی کا جادو سر چڑھ کر بولنے لگا

## انٹر میامی کی کولوراڈو کے خلاف شاندار فتح



لاس اینجلس،19 اپریل (یو این آئی) فٹ بال کی دنیا کے بے تاج بادشاہ لیونل میسی نے ایک بار پھر اپنی مہارت کا لوہا منوالیا۔ میسی کے دو شاندار گولز کی بدولت انٹر میامی نے کولوراڈو ریپڈز کو دلچسپ مقابلے کے بعد 3-2 سے شکست دے کر اپنے نئے کوچ گیلر موہوس کا استقبال شاندار فتح سے کیا۔ کولوراڈو کے دیوہیکل این ایف ایل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے اس میچ کو دیکھنے کے لیے ریکارڈ 75,824 شائقین موجود تھے، جو میجر لیگ فٹ بال کی تاریخ کا دوسرا بڑا ہجوم ہے۔ ارجنٹائن کے ورلڈ کپ ونر کپتان میسی کو ایکشن میں دیکھنے کے لیے خاص طور پر اسٹیڈیم کی گنجائش بڑھائی گئی تھی۔ میچ کا آغاز انٹر میامی کے حق میں ہوا جب یونگ برائٹ کو باکس میں گرائے جانے پر پنالٹی ملی، جسے میسی نے ٹھنڈے مزاج کے ساتھ گول میں بدل دیا۔ پہلے ہاف کے اختتام سے قبل میسی کے پاس پر بیر ٹریم نے ہیڈر کے ذریعے ٹیم کی برتری 2-0 کر دی۔ دوسرے ہاف میں کولوراڈو نے زبردست واپسی کی اور رافیل ناوارو اور ڈیرن یاپی کے یکے بعد دیگرے دو گولز نے مقابلہ 2-2 سے برابر کر دیا۔ تاہم، کھیل ختم ہونے سے 10 منٹ قبل میسی نے روڈریگو ڈی پال کے تھرو بال پر دفاعی کھلاڑیوں کو چکمہ دیتے ہوئے اپنے بائیں پاؤں سے ایسا 'ونر' گول اسکور کیا کہ پورا اسٹیڈیم تالیوں سے گونج اٹھا۔ یہ جیت انٹر میامی کے نئے کوچ گیلر موہوس کے لیے ایک اعزاز ثابت ہوئی۔ ہوس نے چار روز قبل 'ذاتی وجوہات' کی بنا پر استعفیٰ دینے والے جیویر میسچرانو کی جگہ لی ہے۔ میچ کے بعد گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا "ہمارے پاس تاریخ کا عظیم ترین کھلاڑی موجود ہے جو لمحوں میں میچ کا نقشہ بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس اہم فتح کے بعد انٹر میامی ایسٹرن کانفرنس میں دوسرے نمبر پر پہنچ گئی ہے۔

## پی ایس ایل 11: ملتان سلطانز نے کراچی کنگز کو شکست دیدی

کراچی،19 اپریل (یو این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) الیون کے 28ویں میچ میں ملتان سلطانز نے کراچی کنگز کو 10 رنز سے شکست دے دی۔ نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے جا رہے میچ میں سلطانز کے 208 رنز کے بڑے ہدف کے تعاقب میں کنگز کے بلے بازوں سے بھرپور مزاحمت



کی تاہم وہ جیت کے قریب پہنچ کر ہمت ہار گئے۔ کنگز کی ٹیم 196 رنز پر پویلین لوٹ گئی جس میں ریزا ہینڈرکس کے 49 اور عباس آفریدی کے 34 رنز شامل تھے۔ کراچی کو جیت کے لیے آخری 6 گیندوں پر 18 رنز درکار تھے، تاہم ٹیم 208 رنز کا ہدف حاصل نہ کر سکی اور 196 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔ کراچی کنگز کی جانب سے آخری لمحات میں حسن علی نے جارحانہ بیٹنگ کرتے ہوئے صرف 10 گیندوں پر 23 رنز بنائے، جس میں دو شاندار چھکے شامل تھے، مگر وہ ٹیم کو کامیابی نہ دلا سکے اور 20 ویں اوور کی چوتھی گیند پر دوسرا رن لینے کی کوشش میں آؤٹ ہو گئے۔ جب کہ سلطانز کی جانب سے عرفات منہاس سب سے کامیاب بولر رہے جنہوں نے 32 رنز دے کر 3 کھلاڑی آؤٹ کیے۔ اس سے قبل ملتان سلطانز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 207 رنز بنائے۔ سلطانز کا آغاز مایوس کن رہا جب دوسرے اوور کی تیسری گیند پر خوشدل شاہ نے اسٹیو اسمتھ کو صفر پر آؤٹ کر کے کراچی کنگز کو بڑی کامیابی دلائی۔ اس کے بعد اویس ظفر اور جوش فلپ نے اننگز کو سنبھالا اور ٹیم کا اسکور 50 سے اوپر لے گئے۔ دونوں کے درمیان دوسری وکٹ کے لیے 66 رنز کی شراکت قائم ہوئی، تاہم خوشدل شاہ نے ایک بار پھر وار کرتے ہوئے جوش فلپ کو آؤٹ کر دیا جنہوں نے 23 گیندوں پر 44 رنز کی برق رفتار اننگز کھیلی۔ شان مسعود نے کریز پر آکر اویس ظفر کا ساتھ دیا اور ٹیم کا اسکور 100 کے پار پہنچایا۔

## آرتھر فلس کا جوش یا روبلو کا ہوش؟

## بارسلونا اوپن کے فائنل میں سنسنی خیز مقابلے کی توقع



بارسلونا،19 اپریل (یو این آئی) فرانس کے ابھرتے ہوئے ٹینس کھلاڑی آرتھر فلس اور روس کے اسٹار کھلاڑی آندرے روبلو نے اپنے اپنے سیمی فائنلز میں ایک سیٹ کے خسارے کے بعد شاندار واپسی کرتے ہوئے بارسلونا اوپن کے فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ روسی کھلاڑی آندرے روبلو نے سربیا کے حماد میدجیدوچ کے خلاف پہلے سیٹ میں ناکامی کے باوجود ہمت نہ ہاری اور مقابلہ 2-6 6-3, 6-2, سے اپنے نام کیا۔ یہ اس سال کا ان کا پہلا اور مجموعی طور پر ان کے کیریئر کا 29واں فائنل ہے۔ روبلو، جو اپنے پچھلے چار سیمی فائنلز میں مسلسل شکست کھا چکے تھے، اب فروری 2025 میں قطر اوپن کے بعد اپنا پہلا ٹائٹل جیتنے کے لیے پرامید ہیں۔ انہوں نے قطر اوپن کے فائنل میں برطانیہ کے جیک ڈریپر کو شکست دی تھی۔ دوسری جانب فرانسیسی کھلاڑی آرتھر فلس نے اسپین کے رافیل جوڈار کو 6-2 ,6-3, 6-3 سے شکست دے کر فائنل کا ٹکٹ کٹوا لیا۔ رافیل جوڈار وہی کھلاڑی ہیں جنہوں نے کوارٹر فائنل میں برطانوی نمبر ون کیمرون نوری کو ٹورنامنٹ سے باہر کیا تھا۔

# اجیت اگرکر کی بطور چیف سلیکٹر مدت میں توسیع کا فیصلہ، 2027 ورلڈ کپ پر نظریں مرکوز

نئی دہلی 19 اپریل:نیوز ڈیسک: بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ نے 2027 کے ون ڈے ورلڈ کپ کو مد نظر رکھتے ہوئے چیف سلیکٹر اجیت اگرکر کی مدت ملازمت میں توسیع کا فیصلہ کر لیا ہے تاکہ ٹیم کی تیاریوں میں تسلسل اور استحکام برقرار رکھا جا سکے۔ ذرائع کے مطابق اگرکر کی موجودہ مدت جون 2026 میں ختم ہو رہی ہے تاہم بورڈ ان کی قیادت میں ٹیم کی مجموعی کارکردگی اور کامیاب تبدیلی کے عمل سے مطمئن ہے جس کے باعث ان کے معاہدے میں توسیع کو ناگزیر سمجھا گیا ہے۔ اگرکر کے دور میں بھارتی ٹیم نے محدود اوورز کی کرکٹ میں غیر معمولی کامیابیاں حاصل کیں جن میں 2024 اور 2026 کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیتنا اور 2025 کی چیمپئنز ٹرافی اپنے نام کرنا شامل ہے جبکہ 2023 کے ون ڈے ورلڈ کپ میں ٹیم کی فائنل تک رسائی نے بھی ان کی حکمت عملی کو تقویت دی۔ ان کے دور کی سب سے نمایاں بات ٹیم میں نئی نسل کے کھلاڑیوں کو اعتماد کے ساتھ موقع دینا اور سلیکشن میں جرات مندانہ فیصلے کرنا رہا ہے جس کے تحت فارم اور ٹیم کے توازن کو ترجیح دی گئی یہاں تک کہ بعض بڑے ناموں کو بھی ٹیم سے باہر رکھا گیا۔ بھارتی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کی حکمت عملی میں بھی نمایاں تبدیلی دیکھی گئی جہاں جارحانہ اور




بے خوف انداز اپنایا گیا جس نے ٹیم کو عالمی سطح پر مزید مضبوط بنایا اور نوجوان کھلاڑیوں کو خود کو منوانے کا موقع فراہم کیا۔ تاہم ٹیسٹ کرکٹ میں کارکردگی اتنی تسلی بخش نہیں رہی جہاں 2025 میں نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ کے خلاف ہوم سیریز میں شکست نے کئی سوالات کو جنم دیا تاہم ان ناکامیوں کے باوجود ٹیم نے مشکل حالات میں سخت مقابلہ کیا اور کئی میچوں میں واپسی کی صلاحیت بھی دکھائی۔ اہم سینئر کھلاڑیوں وراٹ کوہلی اور روہت شرما کی ریٹائرمنٹ کے بعد ٹیم میں خلا پیدا ہوا لیکن اگرکر اور سلیکشن کمیٹی نے بروقت فیصلے کرتے ہوئے نوجوان کھلاڑیوں کو آگے لا کر اس خلا کو پُر کرنے کی کوشش کی جبکہ جسپریت بمراہ کی محدود دستیابی کے باوجود باؤلنگ اٹیک کو متوازن رکھا گیا۔ بورڈ کے قریبی ذرائع کا کہنا ہے کہ اگرکر نے سلیکشن کے عمل میں شفافیت اور واضح سمت فراہم کی ہے جس سے ٹیم مینجمنٹ اور کھلاڑیوں کے درمیان بہتر ہم آہنگی پیدا ہوئی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ٹیم مختلف حالات میں بہتر کارکردگی دکھا رہی ہے۔ مزید یہ کہ آئندہ ون ڈے ورلڈ کپ کو مد نظر رکھتے ہوئے ایک طویل مدتی منصوبہ بندی پر کام جاری ہے جس میں کھلاڑیوں کی فٹنس ٹیم کمبینیشن اور مختلف کنڈیشنز کے مطابق حکمت عملی شامل ہے تاکہ عالمی سطح پر برتری برقرار رکھی جا سکے۔ بورڈ کسی بھی قسم کی غیر یقینی صورتحال سے بچنا چاہتا ہے اور اسی لیے اگرکر کی مدت میں توسیع کو ٹیم کے روشن مستقبل کے لیے ایک اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے جبکہ آنے والے عرصے میں ان کی قیادت میں بھارت ایک مضبوط اور متوازن اسکواڈ کے ساتھ ورلڈ کپ میں شرکت کی تیاری کرے گا۔

# سی ایس کے کو بڑا دھچکا، آیوش مہاترے انجری کا شکار، دھونی کی واپسی پر غیر یقینی صورتحال




نئی دہلی 19 اپریل:نیوز ڈیسک: آئی پی ایل 2026 میں چنئی سپر کنگز کو اس وقت بڑا دھچکا لگا جب نوجوان بلے باز آیوش مہاترے انجری کا شکار ہو گئے جبکہ کپتان مہندر سنگھ دھونی کی واپسی بھی تاحال غیر یقینی بنی ہوئی ہے۔ چنئی سپر کنگز کے بیٹنگ کوچ مائیکل ہسی نے تصدیق کی کہ مہاترے کو سن رائزرز حیدرآباد کے خلاف میچ کے دوران ہیم اسٹرنگ انجری لاحق ہوئی ہے جس کی شدت کا اندازہ لگانے کے لیے جلد اسکین کیا جائے گا۔ مہاترے کو یہ انجری اننگز کے پانچویں اوور میں دوسری رن لینے کی کوشش کے دوران پیش آئی جس کے بعد فزیو فوری طور پر میدان میں پہنچا تاہم وہ کچھ دیر مزید بیٹنگ کرنے کے بعد آؤٹ ہو گئے۔ مائیکل ہسی کے مطابق یہ انجری ٹیم کے لیے بڑا نقصان ہو سکتی ہے کیونکہ مہاترے حالیہ میچوں میں بہترین فارم میں تھے اور مڈل آرڈر میں اہم کردار ادا کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان کھلاڑی کی غیر موجودگی یقینی طور پر ٹیم کو متاثر کرے گی لیکن اس سے دیگر کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتیں دکھانے کا موقع بھی ملے گا۔ مہاترے نے انجری سے قبل جارحانہ انداز میں بیٹنگ کرتے ہوئے صرف 13 گیندوں پر 30 رنز بنائے تھے اور حریف باؤلرز کے لیے خطرہ بن رہے تھے۔ چنئی سپر کنگز پہلے ہی انجریز کے مسائل سے دوچار ہے اور ٹیم کو اس سیزن میں اب تک چھ میں سے چار میچوں میں شکست کا سامنا کرنا پڑ چکا ہے۔ ٹیم کے اہم کھلاڑی مہندر سنگھ دھونی اور فاسٹ باؤلر خلیل احمد بھی انجری کے باعث دستیاب نہیں ہیں جس سے ٹیم کا توازن متاثر ہوا ہے۔ دھونی کی واپسی کے حوالے سے مائیکل ہسی نے کہا کہ وہ ریہیب کے عمل سے گزر رہے ہیں اور بیٹنگ میں بہتری دکھا رہے ہیں تاہم ان کی واپسی کا حتمی وقت ابھی واضح نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دھونی کے لیے دوڑنے کی رفتار اور فٹنس بہتر بنانا ضروری ہے تاکہ وہ میچ کے آخری لمحات میں موثر کردار ادا کر سکیں اور ٹیم ان کی جلد واپسی کی امید کر رہی ہے۔ چنئی سپر کنگز اب اپنا اگلا میچ ممبئی میں کھیلے گی جہاں اسے ایک مضبوط حریف کا سامنا ہو گا اور ٹیم کے لیے یہ مقابلہ نہایت اہم تصور کیا جا رہا ہے۔

# ورون چکرورتی نے 200 ٹی ٹوئنٹی وکٹیں مکمل کر کے نیا ریکارڈ قائم کر دیا

کولکاتا 19 اپریل:نیوز ڈیسک: کولکاتا نائٹ رائیڈرز کے اسپنر ورون چکرورتی نے شاندار کم بیک کرتے ہوئے راجستھان رائلز کے خلاف آئی پی ایل میچ میں نہ صرف عمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کیا بلکہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں 200 وکٹیں مکمل کر کے تیز ترین بھارتی اسپنر بننے کا اعزاز بھی حاصل کر لیا۔ ایڈن گارڈنز میں کھیلے گئے میچ میں کولکاتا کے اسپن اٹیک نے راجستھان کو 155 رنز 9 کھلاڑی آؤٹ تک محدود رکھا جس میں ورون چکرورتی نے مرکزی کردار ادا کیا۔ چکرورتی نے یہ سنگ میل 155 اننگز میں حاصل کیا اور اس طرح انہوں نے کلدیپ یادو کا 160 اننگز کا ریکارڈ توڑ دیا جبکہ مجموعی طور پر وہ ارشدیپ سنگھ کے بعد دوسرے تیز ترین بھارتی باؤلر بن گئے۔ انہوں نے




اپنی پہلی ہی اوور میں ویبھو سوریہ ونشی کو آؤٹ کر کے اس ریکارڈ کو مکمل کیا جس سے راجستھان کی جارحانہ شروعات کو بڑا دھچکا لگا۔ راجستھان نے بیٹنگ کا آغاز تیز رفتاری سے کیا اور یشسوی جیسوال اور سوریہ ونشی نے پاور پلے میں 63 رنز بنائے تاہم کپتان اجنکیا رہانے نے بعد میں اسپن باؤلنگ کا سہارا لیا جس نے میچ کا رخ بدل دیا۔ چکرورتی کی گیند پر سوریہ ونشی غلط شاٹ کھیل بیٹھے اور رامندیپ سنگھ نے کیچ مکمل کیا جس کے بعد راجستھان کی ٹیم دباؤ کا شکار ہو گئی۔ راجستھان کی ٹیم 63 بغیر کسی نقصان سے 118 رنز 4 وکٹ تک پہنچتے پہنچتے مشکلات میں گھر گئی جیسوال نے 39 جبکہ سوریہ ونشی نے 46 رنز بنائے جبکہ ریان پراگ اور دھرو جوریل جلد آؤٹ ہو گئے۔ چکرورتی نے 4 اوورز میں صرف 14 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں جبکہ سنیل نارائن نے بھی شاندار باؤلنگ کرتے ہوئے 2 وکٹیں لے کر حریف ٹیم کی بیٹنگ لائن کو کمزور کر دیا۔

# راشد خان نے بھارت اور آسٹریلیا کی شہریت کی پیشکش ٹھکرا دی

نئی دہلی 19 اپریل:نیوز ڈیسک: افغانستان کے مایہ ناز لیگ اسپنر راشد خان نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں بھارت اور آسٹریلیا کی جانب سے شہریت اور ان ممالک کی نمائندگی کی پیشکش کی گئی تھی تاہم انہوں نے انکار کرتے ہوئے اپنے وطن افغانستان کے ساتھ وفاداری برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا۔ 27 سالہ راشد خان نے اپنی آئندہ کتاب "راشد خان فرام اسٹریٹس ٹو اسٹارڈم" میں بتایا کہ 2023 کے آئی پی ایل سیزن کے دوران انہیں غیر رسمی طور پر دوسرے ممالک کے لیے کھیلنے کی پیشکش کی گئی تھی۔ راشد خان کے مطابق انہیں بھارت اور آسٹریلیا دونوں کی جانب سے ایسی پیشکشیں ملیں لیکن انہوں نے واضح طور پر کہہ دیا کہ اگر وہ اپنے ملک کے لیے نہیں کھیلیں گے تو کسی اور ملک کے لیے بھی نہیں کھیلیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ آئی پی ایل میں گجرات ٹائٹنز کی نمائندگی کے دوران ایک ٹیم عہدیدار نے انہیں بتایا کہ بھارتی کرکٹ بورڈ کا ایک اعلیٰ عہدیدار ان سے ملاقات کرنا چاہتا ہے جس کے بعد ملاقات میں انہیں بھارت میں رہنے اور کھیلنے کی پیشکش کی گئی۔ راشد خان نے کہا کہ انہیں اس پیشکش پر حیرت ہوئی لیکن انہوں نے مسکراتے ہوئے شکریہ ادا کیا اور واضح کیا کہ وہ افغانستان کے لیے ہی کھیل رہے ہیں اور اسی کے




ساتھ رہیں گے۔ راشد خان کی اپنے ملک کے ساتھ وابستگی اس سے قبل بھی خبروں میں رہی ہے خاص طور پر 2018 میں جب انہوں نے سن رائزرز حیدرآباد کی جانب سے کھیلتے ہوئے کولکاتا نائٹ رائیڈرز کے خلاف شاندار آل راؤنڈ کارکردگی دکھائی تھی جس کے بعد بھارت میں سوشل میڈیا پر انہیں شہریت دینے کی مہم بھی چلی تھی۔ اس وقت بھارت کی وزیر خارجہ سشما سوراج نے وضاحت کی تھی کہ شہریت سے متعلق معاملات وزارت داخلہ کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں جبکہ افغانستان کے اس وقت کے صدر اشرف غنی نے راشد خان کو قومی فخر قرار دیتے ہوئے کہا تھا کہ ملک اپنے اس اہم کھلاڑی کو نہیں کھو سکتا۔

# شفالی ورما نے کم عمری میں 100 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ کھیلنے کا بھارتی ریکارڈ قائم کر دیا

ڈربن 19 اپریل: نیوز ڈیسک: بھارت کی جارح مزاج اوپنر شفالی ورما نے تاریخ رقم کرتے ہوئے صرف 22 سال اور 81 دن کی عمر میں 100 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ کھیلنے والی کم عمر ترین بھارتی کرکٹر بننے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ انہوں نے یہ سنگ میل جنوبی افریقہ کے خلاف جاری پانچ میچوں کی سیریز کے دوسرے مقابلے میں کنگزمیڈ اسٹیڈیم ڈربن میں عبور کیا اور اس طرح جیمیما روڈریگز کا ریکارڈ توڑ دیا جنہوں نے 23 سال اور 327 دن کی عمر میں 100 میچ مکمل کیے تھے۔ شفالی ورما مجموعی طور پر اس فہرست میں تیسرے نمبر پر ہیں جبکہ روانڈا کی جیزیل اشیموے اور ہینریٹ اشیموے سان سے آگے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی وہ بھارت کی پانچویں خاتون کرکٹر بھی




بن گئی ہیں جنہوں نے 100 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیلے ہیں اور اس فہرست میں ہرمن پریت کور، اسمرتی مندھانا، دیپتی شرما اور جیمیما روڈریگز شامل ہیں۔ شفالی ورما نے 2019 میں صرف 15 سال اور 239 دن کی عمر میں بھارت کے لیے ڈیبیو کیا تھا اور اپنے بے خوف انداز اور جارحانہ بیٹنگ کی بدولت جلد ہی عالمی کرکٹ میں اپنی پہچان بنالی۔ اسی سال ویمنز ٹی ٹوئنٹی چیلنج میں میتھالی راج کی قیادت میں کھیلتے ہوئے انہوں نے اپنی شاندار کارکردگی سے سب کی توجہ حاصل کی اور قومی ٹیم میں اپنی جگہ مضبوط کی۔ وقت کے ساتھ ساتھ شفالی نے اپنی کارکردگی میں نکھار پیدا کیا اور اب وہ ٹیم کی ایک اہم کھلاڑی بن چکی ہیں جو مختلف فارمیٹس میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں۔ 2024 میں انہوں نے چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ کے خلاف شاندار سنچری بنا کر ٹیسٹ کرکٹ میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔

# شریاس ائیر کا ناممکن کو رد کرنے کا فلسفہ پنجاب کنگز کی کامیابی کی بنیاد بن گیا

نئی دہلی 19 اپریل:نیوز ڈیسک: پنجاب کنگز کے کپتان شریاس ائیر آئی پی ایل 2026 میں ٹیم کی شاندار کارکردگی کے پیچھے ایک مضبوط قوت بن کر ابھرے ہیں اور ان کا "ناممکن" لفظ سے نفرت کا نظریہ ٹیم کی کامیابی کی بنیاد بن گیا ہے۔ جو ٹیم ماضی میں غیر مستقل کارکردگی کے باعث تنقید کا شکار رہتی تھی وہ اس سیزن میں ایک منظم اور پراعتماد یونٹ کے طور پر سامنے آئی ہے اور اب تک ناقابل شکست رہی ہے۔ شریاس ائیر نے ایک انٹرویو میں کہا کہ وہ "ناممکن" لفظ سننا پسند نہیں کرتے کیونکہ جب انسان اپنے جذبات پر قابو پالیتا ہے تو اس کا ذہن صاف ہو جاتا ہے اور وہ بہتر فیصلے کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میچ اس وقت تک ختم نہیں ہوتا جب تک آخری گیند نہ ہو جائے اور ان کے نزدیک جیت ہی سب کچھ ہے۔ ان کی یہی سوچ میدان میں بھی نظر آئی جہاں انہوں نے مشکل حالات میں ذمہ داری سنبھالتے ہوئے کئی مواقع پر ٹیم کو کامیابی دلائی اور بطور کپتان ٹیم کو مضبوط بنایا۔ پنجاب کنگز کی اس تبدیلی میں ہیڈ کوچ رکی پونٹنگ کا بھی اہم کردار رہا ہے جن کی حکمت عملی اور ائیر کی قیادت نے ٹیم کو ایک نیا اعتماد دیا ہے۔ دونوں کی شراکت نے ٹیم میں بے خوف کرکٹ کھیلنے کا جذبہ پیدا کیا ہے جس کے تحت کھلاڑی آزادی کے ساتھ کھیل رہے ہیں




جبکہ نظم و ضبط بھی برقرار رکھا گیا ہے۔ اگرچہ ٹیم نے سیزن کا آغاز شاندار انداز میں کیا ہے تاہم شریاس ائیر نے مستقبل کے چیلنجز کو مد نظر رکھتے ہوئے محتاط رویہ اختیار کیا ہے کیونکہ ابھی پلے آف مرحلے تک رسائی کے لیے طویل سفر باقی ہے۔

# بھارتی خواتین ٹیم کی کمزوریاں بے نقاب، جنوبی افریقہ نے سیریز میں 0-2 کی برتری حاصل کر لی

ڈربن 19 اپریل:نیوز ڈیسک: بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کی پرانی کمزوریاں ایک بار پھر سامنے آ گئیں جب انہیں دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں جنوبی افریقہ کے ہاتھوں آٹھ وکٹوں سے شکست کا سامنا کرنا پڑا اور میزبان ٹیم نے پانچ میچوں کی سیریز میں 0-2 کی برتری حاصل کر لی۔ کنگزمیڈ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے اس میچ میں بھارت نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 147 رنز بنائے جس کے جواب میں جنوبی افریقہ نے ہدف 17 گیندیں قبل آسانی سے حاصل کر لیا۔ بھارتی ٹیم کو ایک بار پھر اپنی مڈل آرڈر کی ناکامی کا خمیازہ بھگتنا پڑا جو پہلے میچ میں بھی شکست کی بڑی وجہ بنی تھی اور اس میچ میں بھی یہی کہانی دہرائی گئی۔ اوپننگ میں اسمرتی مندھانا نے جارحانہ انداز اپنایا اور ابتدائی اوورز میں تیزی سے رنز بنائے تاہم وہ زیادہ دیر کریز پر نہ ٹھہر سکیں جبکہ




جیمیما روڈریگز بھی جلد آؤٹ ہو گئیں۔ دوسری جانب شفالی ورما نے اپنی 100 ویں ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ میں شاندار نصف سنچری اسکور کی اور 30 گیندوں پر ففٹی مکمل کرتے ہوئے ٹیم کو مضبوط بنیاد فراہم کی۔ ڈیبیو کرنے والی انوشکا شرما نے بھی اعتماد کے ساتھ بیٹنگ کی اور 28 رنز بنا کر شفالی کا اچھا ساتھ دیا لیکن ان کے آؤٹ ہوتے ہی بھارتی اننگز لڑکھڑا گئی۔ شفالی ورما 57 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں جس کے بعد بھارتی ٹیم 99 رنز پر دو وکٹ سے اچانک 132 رنز پر نو وکٹ تک محدود ہو گئی اور درمیانی اوورز میں مسلسل وکٹیں گرنے سے ٹیم سنبھل نہ سکی۔ کپتان ہرمن پریت کور، دیپتی شرما اور رچا گھوش سمیت مڈل آرڈر کے اہم بلے باز خاطر خواہ کارکردگی نہ دکھا سکے جس سے ٹیم کا مجموعی اسکور متاثر ہوا۔ آخر میں اروندھتی ریڈی نے کچھ جارحانہ شاٹس کھیل کر اسکور کو 147 تک پہنچایا لیکن یہ مجموعہ جنوبی افریقہ کے لیے زیادہ مشکل ثابت نہ ہوا۔

# ڈاکٹر کارتک کارکیرا کی ایشین گیمز میں سونے کا تمغہ جیتنے پر مرکوز

نئی دہلی 19 اپریل:نیوز ڈیسک: بھارت کے ابھرتے ہوئے میراتھن رنر اور پیشے کے لحاظ سے آرتھوپیڈک ڈاکٹر کارتک کارکیرا نے اپنی شاندار کارکردگی سے کھیلوں کی دنیا میں نئی پہچان بنالی ہے اور اب ان کی نظریں ایشین گیمز میں سونے کا تمغہ جیتنے پر مرکوز ہیں۔ ممبئی سے تعلق رکھنے والے کارتک نے کم عمری میں ہی دوڑ میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا تھا تاہم انہوں نے تعلیم کو ترجیح دیتے ہوئے میڈیکل کے شعبے کا انتخاب کیا اور 2016 میں روس جا کر ایم بی بی ایس کی تعلیم حاصل کی۔ انہوں نے روس میں آٹھ سال گزارے جہاں انہوں نے نہ صرف اپنی تعلیم مکمل کی بلکہ آرتھوپیڈکس اور ٹراماٹولوجی میں مہارت بھی حاصل کی اور بعد ازاں 2024 میں فارن میڈیکل گریجویٹ امتحان پاس کر کے بھارت میں پریکٹس کے اہل بنے۔ میڈیکل



کیریئر کے ساتھ ساتھ دوڑنے کا شوق ان کے دل میں ہمیشہ زندہ رہا اور نشک کے ڈاکٹر وسنت راو پاور میڈیکل کالج میں بطور ریزیڈنٹ کام کرتے ہوئے انہوں نے پیشہ ورانہ ایتھلیٹ بننے کا خواب دوبارہ زندہ کیا۔ مصروف اسپتال ڈیوٹی اور سخت ٹریننگ کے باوجود کارتک نے ہمت نہیں ہاری اور اپنی محنت کے بل بوتے پر جلد ہی نمایاں نتائج حاصل کرنا شروع کر دیے۔

# مزرابانی پر دو سالہ پابندی، ایجنسی نے پی ایس ایل کے فیصلے کو چیلنج کر دیا

کولکاتا 19 اپریل:نیوز ڈیسک: زمبابوے کے فاسٹ بولر بلیسنگ مزرابانی پر پاکستان سپر لیگ کی جانب سے عائد دو سالہ پابندی تنازعہ کا شکار ہو گئی ہے جبکہ کھلاڑی کی ایجنسی نے اس فیصلے کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی قسم کا باضابطہ معاہدہ ہوا ہی نہیں تھا۔ مزرابانی کو ابتدائی طور پر پی ایس ایل میں تقریباً 11 ملین پاکستانی روپے کے معاہدے کے تحت شامل کرنے کا اعلان کیا گیا تھا تاہم بعد میں انہوں نے انڈین پریمیئر لیگ میں کولکاتا نائٹ رائیڈرز کے ساتھ بطور متبادل کھلاڑی معاہدہ کر لیا جس کے بعد لیگ نے ان کے خلاف تادیبی کارروائی کرتے ہوئے پابندی عائد کر دی۔ ان کی ایجنسی ورلڈ اسپورٹس ایکسچینج نے اس فیصلے کو چیلنج کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب کوئی باقاعدہ معاہدہ جاری ہی نہیں ہوا تو معاہدہ توڑنے کا الزام کیسے لگایا جا سکتا ہے۔ ایجنسی کے مطابق اسلام آباد یونائیٹڈ نے مزرابانی سے رابطہ کیا تھا اور شرائط پر اتفاق بھی ہوا تھا لیکن یہ سب زمبابوے کرکٹ سے نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ کے حصول سے مشروط تھا جو کہ باضابطہ معاہدے کے بغیر ممکن نہیں ہوتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حیران کن طور



پر پی ایس ایل اور فرنچائز نے بغیر معاہدہ دیے ہی سوشل میڈیا پر کھلاڑی کے سائن ہونے کا اعلان کر دیا جبکہ دو ہفتے گزرنے کے باوجود بھی کوئی معاہدہ فراہم نہیں کیا گیا۔ ایجنسی کا کہنا ہے کہ اسی تاخیر کے دوران کولکاتا نائٹ رائیڈرز نے مزرابانی سے رابطہ کیا اور معاہدہ مکمل کر لیا اور اس صورتحال میں کھلاڑی پر کسی معاہدے کی خلاف ورزی کا الزام عائد نہیں کیا جا سکتا۔ ایجنسی نے دو سالہ پابندی کو غیر ضروری اور حد سے زیادہ سخت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں معاہدہ توڑنے والے کھلاڑیوں کو بھی اتنی سخت سزا نہیں دی گئی۔

# انگلینڈ کرکٹ کا کھلاڑیوں کی اہلیت کے قوانین میں تبدیلی پر غور

لندن 19 اپریل: انگلینڈ کرکٹ بورڈ (ای سی بی) کھلاڑیوں کی اہلیت کے قوانین میں 2019 کے بعد پہلی بار تبدیلی پر غور شروع کر دیا گیا۔ سات سال قبل ای سی بی نے قوانین میں نرمی کرتے ہوئے غیر ملکی پیدائش والے کھلاڑیوں کو انگلینڈ اور ویلز میں تین سال قیام کے بعد قومی ٹیم کے لیے کھیلنے کی اجازت دی تھی۔ اس قانون میں ترمیم کے بعد جوفرا آرچر کو قومی ٹیم میں شامل کیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ دیگر مکمل رکن ممالک میں کھیلنے والے کھلاڑیوں کے لیے کولنگ آف مدت بھی کم کر دی گئی تھی۔ اس وقت یہ تبدیلی آرچر کے لیے نہیں بلکہ انگلش کرکٹ کو عالمی معیار کے مطابق لانے کے لیے کی گئی تھی تاہم اب ای سی بی مزید ترامیم پر غور کر رہا ہے تاکہ انگلینڈ کے قوانین آئی سی سی کے موجودہ معیار کے قریب لائے جا سکیں جس سے اہلیت کے عمل میں آسانی اور ٹیم کی مقابلہ بازی میں اضافہ ہو سکے۔ موجودہ قوانین کے تحت کھلاڑیوں کو تین شرائط پوری کرنی ہوتی ہیں: برطانوی شہریت، انگلینڈ یا ویلز میں پیدا ہونا یا تین سال قیام، اور پچھلے تین سال میں کسی مکمل رکن ملک میں مقامی یا بین الاقوامی کرکٹ نہ کھیلنا۔

## مقامی سپورٹس کی خبریں شائع کرنے کے لئے رابطہ کریں

شہر و گام میں ہو رہے تمام لوکل سپورٹس کو فروغ اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے اخبار "سرینگر ٹائمز" کھیل کے تئیں دلچسپی رکھنے والوں کے لئے سپورٹس صفحہ پر ایک مخصوص کالم فراہم کر رکھا ہے۔ جس میں آپ اپنے علاقے کی کھیل کی سرگرمیاں تصویر کے ساتھ اخبار میں شائع کرنے کے لئے ہمارے ای میل ایڈریس یا پھر تحریری طور کھیل کی مکمل تفصیلات ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی کے نام دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر ارسال کر سکتے ہیں

نوٹ: (۱) جس کے لئے آپ کو معاوضہ دینے کی ضرورت نہیں جو کہ ادارہ کی طرف سے وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مفت شائع ہوتا ہے

(۲) سپورٹس ٹائمز کے صفحہ پر شائع ہونے والی مقامی خبروں کے علاوہ مقامی ٹورنامنٹس کی خبریں جو شائع ہوتی ہے یہ تمام اشتہارات ادارہ وادی کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور نیک نیتی کے ساتھ شائع کرتا ہے ادارہ کسی غلط نتیجہ کا ذمہ دار نہیں۔ کھلاڑی ٹورنامنٹس میں حصہ لینے سے قبل اپنی طرف سے ان کو جانچ لیا کریں۔ (ادارہ)

مکمل پتہ: ایڈیٹر ساحل یوسف صوفی
دفتر سرینگر ٹائمز بڈشاہ چوک سرینگر۔190001

email: saahil.srinagartimes@gmail.com

مزید جانکاری کے لئے اس فون نمبر پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں: 0194-2456781

Printed and Published by: SAHIL YOUSUF, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: BASHIR AHMAD BASHIR, Executive Editor, S.M. YOUSUF, Editor: SHADAB BASHIR, Managing Advertising: SEEMAAB BASHIR, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781
E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781